علمی مضامین سلسلہ نمبر ۶۸ (آخری)

''اَلحامد ٹرسٹ'' نزد جامعہ مدنیہ جدید رائیونڈ روڈ لاہور کی جانب سے شیخ المشائخ محدثِ کبیر حضرت اَقدس مولانا سیّد حامد میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے بعض اہم خطوط اور مضامین کو سلسلہ وار شائع کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے جو تا حال طبع نہیں ہو سکے جبکہ ان کی نوع بنوع خصوصیات اس بات کی متقاضی ہیں کہ افادۂ عام کی خاطر اِن کو شائع کردیا جائے۔ اسی سلسلہ میں بعض وہ مضامین بھی شائع کیے جائیں گے جو بعض جرائد واخبارات میں مختلف مواقع پر شائع ہو چکے ہیں تاکہ ایک ہی لڑی میں تمام مضامین مرتب و یکجا محفوظ ہو جائیں۔ (اِدارہ)

پاکستان میں آئینِ اِسلامی کا نفاذ

اُس کا طریقہ ، اُس کے فوائد

پاکستان میں اِسلامی آئین کے نفاذ کی نہایت آسان صورت یہ ہے کہ عدلیہ کے متوازی قاضی القضاۃ اور دیگر قاضی مقرر کیے جائیں۔ قاضی القضاۃ سپریم کورٹ کے درجہ کے ہوں گے اُس سے نیچے ہائی کورٹ کے درجہ کے اور اُن سے نیچے سیشن جج کے اور اُن سے نیچے مجسٹریٹ درجہ اَوّل کے ہم عہدہ ہوں گے۔

ہر اُس جگہ جہاں مجسٹریٹ ہوتے ہیں ایک یا دو قاضی مقرر ہوں اور حدودِ مملکتِ پاکستان میں مدعی کو اِختیار دیا جائے کہ وہ چاہے شرعی فیصلہ لے لے اور اپنا قضیہ قاضی کے سامنے پیش کرے اور چاہے ملکی قانون (تعزیراتِ پاکستان) کے تحت فیصلہ لے۔

شیعہ حضرات بھی اگر پسند کریں تو اُن کا قاضی بھی مقرر کردیا جائے جو اُن کی فقہ جعفری کے مطابق فیصلے دے جس پر کہ اکثر شیعہ متفق ہیں۔

فوائد :

(۱) خداوندِ قدوس کا دیا ہوا قانون نافذ ہوگا تو رضاءِ خداوندی کے ساتھ وہ برکات حاصل ہوں گی جو اُن تمام ممالکِ اِسلامیہ کو حاصل ہیں کہ جہاں شرعی قوانین جاری ہیں۔

(۲) لوگوں کو جان و مال اور عزت کا کامل تحفظ حاصل ہوگا۔

(۳) سیاسی فائدہ یہ حاصل ہوگا کہ پورے پاکستان کے تمام مخلص علماء بشمولیت جمعیۃ علماء اِسلام وغیرہ اِس بات کے بعد حکومت کے دِل سے معاون اور خیر خواہ ہو جائیں گے اِس طرح حکومت کو اِستحکام حاصل ہوگا اور نیک نامی کے اِعتبار سے یہ وہ کارنامہ ہوگا جو ہمیشہ زندہ جاوید رہے گا اور جسے قیامِ پاکستان سے اب تک کوئی بھی اَنجام نہیں دے سکا۔

۞ ۞ ۞

مجموعہ مقالاتِ حامدیہ

قرآنیات

عالمِ ربانی محدثِ کبیر

حضرت مولانا سیّد حامد میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ

بانی جامعہ مدنیہ جدید و خانقاہِ حامدیہ

و اَمیر مرکزیہ جمعیت علمائے اِسلام

نظرِ ثانی و عنوانات

شیخ الحدیث حضرت مولانا سیّد محمود میاں صاحب مدظلہم

باہتمام

خانقاہِ حامدیہ ۱۹ رکلومیٹر رائیونڈ روڈ لاہور

حضرت اَقدس مولانا سیّد حامد میاں صاحبؒ کے ''مجموعہ مقالاتِ حامدیہ'' کا پہلا حصہ جو ''قرآنیات'' سے متعلق ہے شائع ہو کر مارکیٹ میں آچکا ہے، رعایتی قیمت : ۸۰ روپے

(رابطہ نمبر : 0333-4249-302)